پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## توانائی

# ہر 10 میں سے 4 پاکستانی لوڈشیڈنگ کے دوران توانائی کا کوئی متبادل ذریعہ نہیں رکھتے اور نہ استعمال کرتے ہیں، صرف 5% پاکستانیوں نے لوڈشیڈنگ کے دوران توانائی کیلئے UPS استعمال کرنے کی اطلاع دی۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

(اسلام آباد)، 10 اپریل، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 4 پاکستانی لوڈشیڈنگ کے دوران توانائی کا کوئی متبادل ذریعہ نہیں رکھتے اور نہ استعمال کرتے ہیں، صرف 5% پاکستانیوں نے لوڈشیڈنگ کے دوران توانائی کیلئے UPS استعمال کرنے کی اطلاع دی۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران آپ بنیادی طور پر توانائی کا کون سا متبادل ذریعہ استعمال کرتے ہیں ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 40% جوابدہندگان کے مطابق بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران وہ توانائی کا کوئی بھی متبادل ذریعہ استعمال نہیں کرتے ہیں ، 20% جوابدہندگان کے مطابق بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران وہ بنیادی طور پر موم بتی کا استعمال کرتے ہیں، 18% جوابدہندگان کے مطابق وہ ریچارج ہونے والی لائٹس کا استعمال کرتے ہیں، 14% جوابدہندگان کے مطابق وہ سولر پاور/ سولر سسٹم کا استعمال کرتے ہیں، 5% جوابدہندگان کے مطابق وہ یو پی ایس (UPS) کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ 3% جوابدہندگان کے مطابق بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران وہ بنیادی طور پر جنریٹر کا استعمال کرتے ہیں، تاہم 1% نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران آپ بنیادی طور پر توانائی کا کون سا متبادل ذریعہ استعمال کرتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## آمدنی کے اعتبار سے نتائج:

آمدنی میں اضافے کے ساتھ بجلی کی بندش کی صورت میں متبادل توانائی کے ذرائع کے استعمال میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ سولر پاور/ سولر سسٹم کا استعمال کم آمدنی والے افراد کی نسبت زیادہ آمدنی والے افراد میں زیادہ عام ہے۔اس کے علاوہ، آمدنی میں اضافے سے جریٹر کے استعمال میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, April 10th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating 43 years of Gallup Pakistan (1980-2023)